گُلدستۂ
بائبل

گلدستۂ بائبل

از

برکت پرویز

ناشرین

مسیحی اشاعت خانہ

۳۶ فیروز پور روڈ

لاہور

طابع ــــــ ایچ بخت
مطبع ــــــ علمی پریس لاہور
بار ــــــ اوّل
قیمت ــــــ ۷۵ پیسے
کتابت ــــــ یعقوب بیرا
تعداد ــــــ پانچ سو

اگست ۱۹۶۹ء

تقریظ

تمام حمد و ثنا اُسی خالقِ کُل کو ہے جس نے اِس دُنیا سے یہاں تک محبّت رکھی کہ اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔

جب مجھے اِس تالیف کے پڑھنے کی ساعتِ شیریں نصیب ہُوئی تو مَیں یہ جان کر بہت خوش ہُوا کہ کتابِ مُقدّس کی آیات اور مضامین کو مؤلف نے اِس دِل پذیر اور دِل نشین انداز میں پیش کیا ہے کہ قاری کتابِ مُقدّس کی گہرائیوں سے واقفیت حاصل کر سکے۔ مؤلف نے آیتوں کو اِس طرح ایک لڑی میں پرو کر مختلف ہار بنائے ہیں کہ اُن کی خوشبُو سے قاری کا ذہن مُعطّر ہو جاتا ہے۔

بائبل مُقدّس میں سات کا ہندسہ کاملیت کو ظاہر کرتا ہے اور صاحبِ قلم نے اِس کاملیت کو کتابِ مُقدّس جیسے بحرِ عمیق سے نکال کر عوام کے سامنے جس اسلوب سے پیش کیا ہے وُہ خاص اُنہیں کا حصّہ ہے۔

دَرحقیقت اِس کتاب کا ہر لفظ ایک قیمتی اشرفی کا سا درجہ رکھتا ہے۔ اور مؤلف نے اِن تمام اشرفیوں کو ایک جگہ جمع کر کے

ایک ایسا بیش بہا خزانہ جمع کیا ہے، جسے گنجینۂ بائبل کہیں تو بے جا نہ ہوگا۔

آخر میں میری دلی دعا ہے کہ ربُّ العالمین اِس کتاب کو اپنے جلال کے لئے استعمال فرمائے۔

آمین!

ایچ۔ایم۔پال

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	عنوان
۱۔	ہمیں سات باتوں میں قائم رہنا چاہیئے۔
۲۔	رُوحانی پہلوان کے لئے سات باتیں۔
۳۔	رُوحانی آدمی میں سات صفتیں۔
۴۔	مسیح کے ہمارے ساتھ سات رشتے۔
۵۔	شیطان کے سات مختلف رُوپ۔
۶۔	سات کلیسیائی عہدہ دار۔
۷۔	مسیح نے سات طریقوں سے شریعت کو پُورا کیا۔
۸۔	مسیحیوں کے لئے سات خطاب۔
۹۔	پہلے کرنتھیوں کے خط سے خُدا کے خادم کے لئے سات باتیں۔
۱۰۔	بنی اسرائیل کا سات مرتبہ گڑگڑانا۔
۱۱۔	سات ابدی چیزیں۔
۱۲۔	پطرس کے گرنے کے سات قدم۔

۱- ہمیں سات باتوں میں قائم رہنا چاہیئے

۱- ہمیں ایمان میں قائم رہنا چاہیئے - ۱- کرنتھیوں ۱۶ : ۱۳-

۲- ہمیں مسیح کی آزادی میں قائم رہنا چاہیئے - گلتیوں ۵ : ۱-

۳- ہمیں یگانگت میں قائم رہنا چاہیئے - فلپیوں ۱ : ۲۷-

۴- ہمیں خدا کی کامل مرضی پر قائم رہنا چاہیئے - کلسیوں ۴ : ۱۲ -

۵- ہمیں تعلیمِ الٰہی میں قائم رہنا چاہیئے - ۲- تھسلنیکیوں ۲ : ۱۵-

۶- ہمیں خداوند میں قائم رہنا چاہیئے - ۱- تھسلنیکیوں ۳ : ۸ و فلپیوں ۴ : ۱

۷- ہمیں ابلیس کے خلاف رُوحانی جنگ میں قائم رہنا چاہیئے - افسیوں ۶ : ۱۱ و ۱۳-

۲- رُوحانی پہلوان کیلئے سات باتیں

۱- پرہیزگار ہو - ۱- کرنتھیوں ۹ : ۲۵-

۲- خُود انکاری کرنے والا ہو - ۱- کرنتھیوں ۹ : ۲۷-

۳- صبر سے کام لینے والا ہو - عبرانیوں ۱۲ : ۱-

۴- خدا کا فرمانبردار ہو - ۲- تیمتھیُس ۲ : ۱۵-

۵- یسُوع کو تاکنے والا ہو - عبرانیوں ۱۲ : ۲ -

۶- آخر تک کوشش کرنے والا ہو - متی ۲۴ : ۱۳-

۷- انعام پانے کے لائق ہو - مکاشفہ ۳ : ۱۱ و ۱- کرنتھیوں ۹ : ۲۴-

۳۔ رُوحانی آدمی میں سات صفتیں

۱۔ رُوحانی لوگوں میں خُدا چلتا پھرتا ہے۔ ۲۔کرنتھیوں ۶ : ۱۶۔
۲۔ رُوحانی آدمی اپنا نہیں بلکہ خُدا کا ہے۔ ۱۔کرنتھیوں ۶ : ۱۹۔
۳۔ رُوحانی آدمی کا بدن مسیح کا عضو ہے۔ ۱۔کرنتھیوں ۶ : ۱۵ و ۱۶۔
۴۔ رُوحانی آدمی میں حد سے زیادہ قدرت ہے۔ ۲۔کرنتھیوں ۴ : ۷۔
۵۔ رُوحانی آدمی کی زندگی مسیح میں قائم اور پھلدار ہوتی ہے۔ یُوحنّا ۱۵ : ۱ ۔ ۷۔ گلتیوں ۵ : ۲۲ و ۲۳۔
۶۔ رُوحانی آدمی سے مسیح کی زندگی منعکس ہوتی ہے۔ ۱۔یُوحنّا ۱ : ۷ ۔ ۹ ۲۔کرنتھیوں ۴ : ۱۰ ۔ ۱۱۔
۷۔ رُوحانی آدمی ترقّی کرتا اور کامل ہوتا جاتا ہے۔ ۲۔کرنتھیوں ۹ : ۱۰ و رُومیوں ۱۵ : ۱۳ و یُوحنّا ۱۵ : ۸ و کلسیوں ۳ : ۱۹۔

۴۔ مسیح کے ہمارے ساتھ سات رشتے

۱۔ ہم مسیح کے ساتھ مصلُوب کئے گئے۔ گلتیوں ۲ : ۲۰
۲۔ ہم مسیح کے ساتھ راستباز ٹھہرائے گئے۔ گلتیوں ۲ : ۱۶
۳۔ ہم مسیح کے ساتھ زندہ کئے گئے۔ افسیوں ۲ : ۵۔
۴۔ ہم مسیح میں شامل کیے گئے۔ افسیوں ۱۲ : ۸ و گلتیوں ۱۳ : ۲ ۔ ۷۔

۵۔ ہم مسیح کے ساتھ آسمانی مقاموں میں بٹھائے گئے۔ افسیوں ۲ : ۸۔
۶۔ ہم مسیح میں بادشاہت کے وارث کئے گئے۔ متّی ۲۵ : ۳۴
۷۔ ہم مسیح میں خُدا کے وارث کئے گئے۔ رُومیوں ۸ : ۱۷

۵۔ شیطان کے سات مختلف رُوپ

۱۔ شیطان شیر ببر کی طرح آتا ہے۔ ۱۔پطرس ۵ : ۸ و ۱۔یُوحنّا ۵ : ۱۸ و ۱۹۔
۲۔ شیطان سیلاب کی طرح آتا ہے۔ مُکاشفہ ۱۲ : ۱۵ و یسعیاہ ۴۳ : ۲ و ۵۹ : ۱۹۔
۳۔ شیطان بھیڑیئے کی طرح آتا ہے۔ یُوحنّا ۱۰ : ۱۲ و متّی ۷ : ۱۵۔
۴۔ شیطان راستبازی کے خادم کی شکل میں آتا ہے۔ ۲۔کرنتھیوں ۱۱ : ۱۵۔
۵۔ شیطان نُورانی فرشتہ کا ہم شکل ہو کر آتا ہے۔ ۲۔کرنتھیوں ۱۱ : ۱۴۔
۶۔ شیطان چور کی طرح آتا ہے۔ یُوحنّا ۱۰ : ۱۰۔
۷۔ شیطان دھوکہ دینے والے کی طرح آتا ہے۔ ۲۔تھسلنیکیوں ۲ : ۹ و ۱۰۔

۶۔ سات کلیسیائی عہدہ دار

۱۔ رسُول ۔ افسیوں ۴ : ۱۱
۲۔ نبی ۔ " " "
۳۔ مُبشّر ۔ " " "

۴ - پاسبان (پاسٹر) — افسیوں ۴ : ۱۱ -
۵ - اُستاد — " " "
۶ - نگہبان (بشپ) — ۱- تیمتھیس ۳ : ۱ -
۷ - خادم — ۱- تیمتھیس ۳ : ۸ - ۱۲ -

۷ - مسیح نے سات طریقوں سے شریعت کو پورا کیا۔

۱ - مسیح شریعت کے ماتحت پیدا ہُوا۔ — گلتیوں ۴ : ۴ تا ۶ -
۲ - مسیح شریعت کے مُطابق ہیکل میں لایا گیا۔ — لُوقا ۲ : ۲۲، ۲۳ و ۲۷ -
۳ - مسیح مختونوں (یہُودیوں) کا خادم بنا۔ — رُومیوں ۱۵ : ۸ -
۴ - مسیح نے شریعت کی توثیق کی۔ — متّی ۵ : ۱۸ - ۲۰ -
۵ - مسیح نے شریعت کی لعنت خُود اُٹھا کر ہمیں آزاد کیا۔ — گلتیوں ۳ : ۱۳ و ۱۴ -
۶ - مسیح نے شریعت کی تابعداری میں بیگُناہ زندگی بسر کی۔ — یُوحنّا ۸ : ۴۶ -
۷ - مسیح نے موت سہنے سے شریعت کو پُورا کیا۔ — عبرانیوں ۹ : ۲۶ -

۸ - مسیحیوں کے لئے سات خطاب

۱ - مسیحی ایلچی ہیں۔ — ۲- کرنتھیوں ۵ : ۲۰ -
۲ - مسیحی چراغ ہیں۔ — فلپیوں ۲ : ۱۵ -
۳ - مسیحی نمک ہیں۔ — متّی ۵ : ۱۳ -
۴ - مسیحی دُنیا کے نُور ہیں۔ — متّی ۵ : ۱۴ -
۵ - مسیحی خُدا کے فرزند ہیں۔ — یُوحنّا ۱ : ۱۲ -
۶ - مسیحی ڈالیاں ہیں۔ — یُوحنّا ۱۵ : ۱ - ۸ -
۷ - مسیحی بھیڑیں ہیں۔ — یُوحنّا ۱۰ : ۱۴ - ۱۸ -

۹ - پہلے کرنتھیوں کے خط سے خُدا کے خادم کے لئے سات باتیں۔

۱ - خُدا کے خادم باغبان ہیں۔ — ۱- کرنتھیوں ۳ : ۶ - ۸ -
۲ - خُدا کے خادم خدا کے ساتھ کام کرنے والے ہیں۔ — ۱- کرنتھیوں ۳ : ۹ -
۳ - خُدا کے خادم دانا معمار کی مانند ہیں۔ — ۱- کرنتھیوں ۳ : ۱۰ -
۴ - خُدا کے خادم خُدا کے بھیدوں کے مختار ہیں۔ — ۱- کرنتھیوں ۴ : ۱ و ۲

۵- خُدا کے خادم فصل کے بوتے اور کاٹنے والے ہیں- ۱-کرنتھیوں ۹ : ۱۱-

۶- خُدا کے خادم دُوسروں کے لئے نمونہ ہیں - ۱-کرنتھیوں ۴ : ۱۶-

۷- خُدا کے خادم خُدا کے سپاہی ہیں - ۱-کرنتھیوں ۹ : ۷

۱۰- بنی اسرائیل کا سات مرتبہ کُڑکُڑانا-

۱- راستے سے کُڑکُڑانا- گنتی ۱۱ : ۱ تا ۳

۲- جبّاروں سے ڈر کر کُڑکُڑانا- گنتی ۱۳ : ۳۳ و ۱۴ : ۱ و ۲-

۳- خُدا کے خادموں پر کُڑکُڑانا- گنتی ۱۶ : ۳

۴- خُدا کی عدالت پر کُڑکُڑانا- گنتی ۱۶ : ۴۱-

۵- بیابان سے کُڑکُڑانا- گنتی ۲۰ : ۲ - ۵-

۶- خُوراک سے کُڑکُڑانا- گنتی ۱۱ : ۴ - ۶

۷- پانی نہ ملنے پر کُڑکُڑانا- خرُوج ۱۷ : ۱ - ۷

۱۱- سات ابدی چیزیں

۱- اَبدی چٹان - یسعیاہ ۲۶ : ۴-

۲- اَبدی شُعلے (عدالت) " ۳۳ : ۱۴-

۳- اَبدی سرُور - یسعیاہ ۳۵ : ۱۰-

۴- اَبدی نجات- " ۴۵ : ۱۷-

۵- اَبدی شفقت- " ۵۴ : ۸-

۶- اَبدی عہد - " ۵۵ : ۳-

۷- اَبدی نُور - " ۶۰ : ۱۹-

۱۲- پطرسؔ کے گرنے کے سات قدم

۱- پہلی وجہ خُود بینی اور غرُور تھا- متّی ۲۶ : ۳۳-

۲- دُوسری وجہ آرام طلبی تھی- متّی ۲۶ : ۴۰-

۳- پطرسؔ کے گرنے کی تیسری وجہ جلد بازی تھی- یُوحنّا ۱۸ : ۱۰ و ۱۱-

۴- چوتھی وجہ دُور دُور رہنا تھا- متّی ۲۶ : ۵۸-

۵- پانچویں وجہ ظاہرہ اِنکار تھا- یُوحنا ۱۸ : ۲۵-

۶- چھٹی وجہ جھُوٹ بولنا تھا- مرقس ۱۴ : ۷۰ و ۷۱-

۷- ساتویں وجہ اُس کا دُوسروں میں مل جانا تھا- متّی ۲۶ : ۷۵-

۱۳- کلیسیا کے لئے سات خطاب

۱- کلیسیا ایک عمارت ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۳: ۹-
۲- کلیسیا ایک گلہ ہے۔ لُوقا ۱۲: ۳۲
۳- کلیسیا ایک بدن ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۲: ۲۷-
۴- کلیسیا ایک دُلہن ہے۔ مکاشفہ ۲۱: ۲-
۵- کلیسیا ایک خاص ملکیت ہے۔ ملاکی ۳: ۱۷-
۶- کلیسیا خُدا کی کھیتی ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۳: ۹-
۷- کلیسیا خُدا کی اُمّت ہے۔ ۱-پطرس ۲: ۹ و طِطُس ۲: ۱۴-

۱۴- مُخالفِ مسیح کے سات نشان

۱- وُہ سلطنت کا حقدار نہ ہوگا مگر چاپلُوسی کرکے قابض ہو جائے گا۔ دانی ایل ۱۱: ۲۱-
۲- مخالفِ مسیح اپنے مکان پر معبُودِ حصار کی تعظیم کرے گا۔ دانی ایل ۱۱: ۳۸-
۳- بیگانہ معبُود کی مدد سے محکم قلعوں پر حملہ کریگا۔ دانی ایل ۱۱: ۳۹-
۴- اپنے آپ کو خُدا ظاہر کرے گا۔ ۲-تھسلنیکیوں ۲: ۴-
۵- تمام دُنیا کا بادشاہ ہوگا۔ مکاشفہ ۱۳: ۳-۴

۶- اُس کے نام کا عدد ۶۶۶ ہوگا۔ مُکاشفہ ۱۳: ۱۸-
۷- وُہ رُوم میں ہوگا۔ مُکاشفہ ۱۷: ۱۸-

۱۵- بادشاہ کے بیٹے کی تمثیل میں سے سات باتیں

متّی ۲۲: ۱-۱۴

۱- باپ نے بیٹے کی شادی کے لئے کھانا تیار کیا۔ متّی ۲۲: ۲-
۲- موٹے موٹے بیل ذبح کئے گئے۔ متّی ۲۲: ۴-
۳- خاص و عام کو دعوت دی گئی۔ مُکاشفہ ۱۹: ۹-
۴- بُلائے ہُوؤں کی لاپرواہی۔ متّی ۲۲: ۵-
۵- بُلائے ہُوؤں کا نوکروں کو بے عزّت کرنا اور مار ڈالنا۔ متّی ۲۲: ۶
۶- شادی کا کھانا کھانے کے لئے خاص لباس۔ متّی ۲۲: ۱۱-۱۳-
۷- شادی کے لباس سے لاپرواہی کرنے والوں کی سزا۔ متّی ۲۲: ۱۳

۱۶- سات قیمتی چیزیں

۱- آزمایا ہُوا ایمان قیمتی ہے ۱-پطرس ۱: ۷

۲ - مسیح کا خون قیمتی ہے - ۱-پطرس ۱ : ۱۹-
۳ - مسیح کونے کے سرے کا قیمتی پتھر ہے - ۱-پطرس ۲ : ۴-
۴ - علم والے ہونٹ قیمتی ہیں - امثال ۲۰ : ۱۵-
۵ - نیک نامی قیمتی عطر کی مانند ہے - واعظ ۷ : ۱-
۶ - خدا کے خیال قیمتی ہیں - زبور ۱۳۹ : ۱۷-
۷ - اسرائیل قیمتی تھا - یسعیاہ ۴۳ : ۴-

۱۷- پطرس کے مسیح کے متعلّق سات خیال

۱- مسیح گناہوں کو اُٹھانے والا ہے - ۱-پطرس ۲ : ۲۴
۲ - مسیح مصلوب شدہ برّہ ہے - ۱-پطرس ۱ : ۱۹
۳ - مسیح کونے کے سرے کا پتھر ہے - ۱-پطرس ۲ : ۶
۴ - مسیح کامل نمونہ ہے - ۱-پطرس ۲ : ۲۱
۵ - مسیح بے گناہ تھا - ۱-پطرس ۲ : ۲۲
۶ - مسیح رُوحوں کا گلّہ بان ہے - ۱-پطرس ۲ : ۵
۷ - مسیح سرفراز شدہ خداوند ہے - ۱-پطرس ۳ : ۲۲

۱۸- سات قسم کی تسلّی -

۱- ہم جانتے ہیں کہ راستباز خُدا سے پیدا ہُوا ہے - ۱-یُوحنّا ۲ : ۲۹؛ ۵ : ۸-

۲- ہم جانتے ہیں کہ ہم مسیح کی مانند ہوں گے - ۱-یُوحنّا ۳ : ۲-
۳ - ہم جانتے ہیں کہ وُہ ہمارے گناہوں کو اُٹھانے کے لئے ظاہر ہُوا - ۱-یُوحنّا ۳ : ۵-
۴ - ہم جانتے ہیں کہ ہم موت سے نکل کر زندگی میں داخل ہو گئے ہیں - ۱-یُوحنّا ۳ : ۱۴-
۵ - ہم جانتے ہیں کہ وُہ ہم میں قائم رہتا ہے - ۱-یُوحنّا ۳ : ۲۴-
۶ - ہم جانتے ہیں ہم جو کچھ مانگتے ہیں - وہ ہمیں دیتا ہے - ۱-یُوحنّا ۵ : ۱۵-
۷ - ہم جانتے ہیں کہ ہم ہمیشہ کی زندگی رکھتے ہیں - ۱-یُوحنّا ۵ : ۱۳

۱۹- سات خاص وعدے

۱- دُعا کے جواب کا وعدہ - متّی ۲۱ : ۲۲-
۲ - فرزندیت کے حق کا وعدہ - یُوحنّا ۱ : ۱۲-
۳ - طاقت دینے کا وعدہ - یوحنا ۱۴ : ۱۲- رُومیوں ۱۰ : ۱۱-
۴ - آرام میں داخل ہونے کا وعدہ - عبرانیوں ۴ : ۳، ۱۰-
۵ - رُوحانی میراث کے وارث ہونے کا وعدہ - یعقوب ۲ : ۵-
۶ - رُوحانی بینائی کا وعدہ - ۱-پطرس ۲ : ۹
۷ - رُوحانی دلیری کا وعدہ - ۱-یُوحنّا ۵ : ۱۴

۲۰- آئندہ زندگی کیلئے سات جلالی خوشیاں

۱- کوئی سمندر نہ ہوگا- مکاشفہ ۲۱:۱-
۲- کوئی دُکھ نہ ہوگا- مکاشفہ ۲۱:۴-
۳- کوئی آہ و نالہ نہیں گا- مکاشفہ ۲۱:۴-
۴- کوئی درد نہ ہوگا- مکاشفہ ۲۱:۴-
۵- کوئی لعنت نہ ہوگی- مکاشفہ ۲۲:۳-
۶- کوئی رات نہ ہوگی- مکاشفہ ۲۲:۵-
۷- کوئی موت نہ ہوگی- مکاشفہ ۲۱:۴

۲۱- سات معموریاں

۱- ایمان سے معمور- اعمال ۶:۵-
۲- حکمت سے معمور- اعمال ۶:۳و۱۰-
۳- طاقت سے معمور- اعمال ۶:۸-
۴- فضل سے معمور- اعمال ۶:۸-
۵- نور سے معمور- اعمال ۷:۱۵-
۶- محبت سے معمور- اعمال ۷:۶۰-
۷- روح القدس سے معمور- اعمال ۶:۵-

۲۲- مسیح کی سات بخششیں

۱- آرام- متی ۱۱:۲۸-
۲- شیطان کی ساری قدرت پر غالب آنے کا اختیار- لوقا ۱۰:۱۹-
۳- زندگی کا پانی- یوحنا ۴:۱۴-
۴- آسمانی روٹی- یوحنا ۶:۵۱-
۵- ہمیشہ کی زندگی- یوحنا ۱۰:۲۸-
۶- آسمانی اطمینان- یوحنا ۱۴:۲۷-
۷- پورا اختیار متی ۱۶:۱۹-

۲۳- سات آدمیوں کا مسیح کا اقرار-

۱- پطرس کا اقرار- متی ۱۶:۱۶-
۲- نتن ایل کا اقرار- یوحنا ۱:۴۴-
۳- سامری عورت کا اقرار- یوحنا ۴:۲۹-
۴- مرتھا کا اقرار- یوحنا ۱۱:۲۷-
۵- توما کا اقرار- یوحنا ۲۰:۲۸-
۶- خوجہ کا اقرار- اعمال ۸:۳۷-
۷- ستفنس کا اقرار اعمال ۷ باب-

۲۴۔ سات آدمیوں کا چلّانا۔

۱۔ یعقوبؔ کا مدد کے لئے چلّانا۔ پیدائش ۳۲: ۲۶۔
۲۔ موسیٰؔ کا شفاعت کے لئے چلّانا۔ خروج ۳۲: ۳۱ و ۳۲۔
۳۔ سلیمانؔ کا حکمت کے لئے چلّانا۔ ۱۔ سلاطین ۳: ۷-۹۔
۴۔ داؤدؔ کا پاکیزگی کے لئے چلّانا۔ زبور ۵۱: ۱ و ۲۔
۵۔ ڈاکو کا مخلصی کے لئے چلّانا۔ لوقا ۲۳: ۴۲۔
۶۔ داروغہ کا نجات کے لئے چلّانا۔ اعمال ۱۶: ۳۰۔
۷۔ ساؤلؔ کا رہائی کے لئے چلّانا۔ ۲۔ کرنتھیوں ۱۲: ۸ و ۹۔

۲۵۔ سات خاندانی جھگڑے۔

۱۔ سارہ اور ہاجرہ کے درمیان جھگڑا۔ پیدائش ۱۶: ۵۔
۲۔ ربقہ اور اُس کی بہو کے درمیان جھگڑا۔ پیدائش ۲۶: ۳۴ و ۳۵۔
۳۔ یعقوبؔ اور عیسوؔ کے درمیان جھگڑا۔ پیدائش ۲۷: ۴۱۔
۴۔ موسیٰؔ، ہارونؔ اور مریمؔ کے درمیان جھگڑا۔ گنتی ۱۲: ۱۔
۵۔ داؤدؔ اور اُس کی بیوی کے درمیان جھگڑا۔ ۲۔ سموئیل ۶: ۱۶۔
۶۔ داؤدؔ اور اُس کے گھرانے کے درمیان جھگڑا۔ ۲۔ سموئیل ۱۲: ۱۱۔
۷۔ اخسویرس اور وشتی کے درمیان جھگڑا۔ آستر ۱: ۱۲۔

۲۶۔ خاندانی تکالیف یا جھگڑوں کے سات اسباب

۱۔ بھائی سے کینہ۔ پیدائش ۲۷: ۴۱۔
۲۔ عورت کا بانجھ پن۔ پیدائش ۳۰: ۱ و ۱۔ سموئیل ۱: ۶ و ۷
۳۔ ایک دوسرے سے حسد۔ پیدائش ۳۷: ۱۱۔
۴۔ ضدی اور گردن کش بچے۔ استثنا ۲۱: ۲۰ و ۱۔ سموئیل ۱۵: ۶
۵۔ ناقابل خاوند ہونا۔ ۱۔ سموئیل ۲۵: ۲۵
۶۔ نفع کا لالچی ہونا۔ امثال ۱۵: ۲۷۔
۷۔ چڑچڑی یا جھگڑالو بیوی۔ امثال ۲۱: ۱۹۔

۲۷۔ سات شفاعتی دُعائیں

۱۔ موسیٰؔ کا اسرائیلیوں کے لئے شفاعت کرنا۔ خروج ۳۲: ۳۲۔
۲۔ موسیٰؔ کا مریمؔ کے لئے شفاعت کرنا۔ گنتی ۱۲: ۱۳۔
۳۔ موسیٰؔ کا دوبارہ بنی اسرائیل کے لئے شفاعت کرنا۔ گنتی ۱۴: ۱۷۔
۴۔ سموئیل کا اسرائیلیوں کے لئے شفاعت کرنا۔ ۱۔ سموئیل ۷: ۵۔
۵۔ مردِ خدا کا یربعام کے لئے شفاعت کرنا۔ ۱۔ سلاطین ۱۳: ۶۔

۶۔ داؤد کا اسرائیل کے لئے شفاعت کرنا۔ ۱۔تواریخ ۲۱: ۱۷۔
۷۔ حزقیاہ کا لوگوں کے لئے شفاعت کرنا۔ ۲۔تواریخ ۳۰: ۱۸۔

۲۸۔نحمیاہ کے چال چلن میں سات باتیں

۱۔ نحمیاہ دردمند تھا۔ نحمیاہ ۱: ۱۔۴۔
۲۔ نحمیاہ کی دعائیہ زندگی تھی۔ نحمیاہ ۱: ۵۔۱۱۔
۳۔ نحمیاہ کا ایمان بڑا تھا۔ نحمیاہ ۲: ۲۰ و ۴: ۱۴۔
۴۔ نحمیاہ بہت دلیر تھا۔ نحمیاہ ۴: ۲۰ و ۶: ۱۰ و ۱۱۔
۵۔ نحمیاہ کی مصروف زندگی تھی۔ نحمیاہ ۴: ۲۱۔۲۳۔
۶۔ نحمیاہ قابل آدمی تھا۔ نحمیاہ ۴: ۱۳۔۲۰۔
۷۔ نحمیاہ سچائی کے لئے جھگڑتا تھا۔ نحمیاہ ۱۳: ۱۱ و ۱۷ و ۲۵۔

۲۹۔ساؤل کے چال چلن میں سات باتیں

۱۔ ساؤل کی ظاہری خوبصورتی۔ ۱۔سموئیل ۹: ۲ و ۱۰: ۲۴۔
۲۔ ساؤل کی حلیمی۔ ۱۔سموئیل ۱۰: ۲۲۔
۳۔ ساؤل کا درگزر کرنا۔ ۱۔سموئیل ۱۰: ۲۷۔
۴۔ ساؤل کا خداوند کے حکم کو رد کرنا۔ ۱۔سموئیل ۱۳: ۱۲ و ۱۳۔

۵۔ ساؤل کا نافرمانی کرنا۔ ۱۔سموئیل ۱۵: ۱۱۔
۶۔ ساؤل کا داؤد سے حسد کرنا۔ ۱۔سموئیل ۱۸: ۸ و ۱۹: ۱۔
۷۔ ساؤل کا اپنے آپ کو مار ڈالنا۔ ۱۔سموئیل ۳۱: ۴۔

۳۰۔سات دفعہ لفظ "سات بار"

۱۔ خون کا سات بار مذبحے پر چھڑکا جانا۔ احبار ۴: ۶۔
۲۔ کوڑھی پر خون کا سات بار چھڑکا جانا۔ احبار ۱۴: ۷۔
۳۔ یریحو کے چوگرد سات بار گھومنا۔ یشوع ۶: ۴۔
۴۔ الیشع کے خادم کا سمندر کی طرف سات بار جانا۔ ۱۔سلاطین ۱۸: ۴۳۔
۵۔ نعمان کا دریائے یردن میں سات غوطے مارنا۔ ۲۔سلاطین ۵: ۱۰۔
۶۔ دن میں سات بار خدا کی ستایش کرنا۔ زبور ۱۱۹: ۱۶۴۔
۷۔ صادق کا سات بار گر کر اٹھنا۔ امثال ۲۴: ۱۶۔

۳۱۔ سات کھلی چیزیں۔

۱۔ مفلس کی احتیاج رفع کرنے کیلئے کھلی مٹھی۔ استثنا ۱۵: ۸
۲۔ رویا کے لئے کھلی آنکھیں۔ ۲۔سلاطین ۶: ۱۷۔
۳۔ سننے کے لئے کھلے کان۔ زبور ۴۰: ۶۔

۴- گواہی کے لئے کھلے ہونٹ - زبور ۵۱: ۱۵-

۵- دُعا کے لئے کھلی کھڑکی - دانی ایل ۶: ۱۰-

۶- خُدا کے پیغام کے لئے کھلا دل - اعمال ۱۶: ۱۴-

۷- خدمت کے لئے کھلا دروازہ - ۲-کرنتھیوں ۲: ۱۲

۳۲- رُوحانی آدمی میں سات صفات

۱- رُوحانی آدمی سلامتی سے لیٹ جاتا ہے۔ زبور ۴: ۸-

۲- رُوحانی آدمی مسیح کے قدموں میں بیٹھ کر ہدایت حاصل کرتا ہے - لُوقا ۱۰: ۳۹-

۳- رُوحانی آدمی ہتھیار حاصل کرنے کے لئے تیار رہتا ہے - افسیوں ۶: ۱۴-

۴- رُوحانی آدمی مسیح کے ساتھ شراکت رکھتا ہے۔ ۱-یُوحنا ۱: ۷-

۵- رُوحانی آدمی ترقی کرنے کے لئے دوڑتا ہے۔ عبرانیوں ۱۲: ۱-

۶- رُوحانی آدمی خُدا کی حمد کرتا ہے۔ اعمال ۳: ۸-

۷- رُوحانی آدمی زور حاصل کرنے کے لئے دوڑتا ہے - یسعیاہ ۴۰: ۳۱

۳۳- مسیحیوں کی سات بڑی ذمہ داریاں

۱- مسیحی گواہ ہیں - یسعیاہ ۴۳: ۱۰-

۲- مسیحی زمین کے نمک ہیں - متی ۵: ۱۳-

۳- مسیحی دُنیا کے نُور ہیں - متی ۵: ۱۴-

۴- مسیحی ڈالیاں ہیں - یُوحنا ۱۵: ۵-

۵- مسیحی مسیح کا خط ہیں - ۲-کرنتھیوں ۳: ۲-

۶- مسیحی ایلچی ہیں - ۲-کرنتھیوں ۵: ۲۰-

۷- مسیحی مُختار ہیں - ۱-پطرس ۴: ۱۰-

۳۴- دُنیا کے سات پھندے

۱- جھُوٹے معبُود پھندا ہیں - خرُوج ۲۳: ۳۳-

۲- غیر قوموں سے عہد باندھنا پھندا ہے - خروج ۳۴: ۱۲-

۳- بُرے لوگ پھندا ہیں - یشوع ۲۳: ۱۳-

۴- جلد بازی کی بات پھندا ہے - امثال ۲۰: ۲۵-

۵- غصبناک شخص کی رفاقت پھندا ہے - امثال ۲۲: ۲۵-

۶- دُشمن کا دسترخوان پھندا ہے - زبُور ۶۹: ۲۲-

۷- اِنسان کا ڈر پھندا ہے - امثال ۲۹: ۲۵-

۳۵۔ بچّے کی سات خصُوصیات

۱۔ بچّہ دُوسرے پر بھروسہ رکھتا ہے۔ گنتی ۱۱: ۱۲۔
۲۔ بچّہ ہر بات کا یقین کر لیتا ہے۔
۳۔ بچّہ نادان ہوتا ہے۔ امثال ۲۲: ۱۵۔
۴۔ بچّے کو سرپرست کی ضرورت ہوتی ہے۔ گلتیوں ۴: ۲۔
۵۔ بچّہ دھوکہ کھا سکتا ہے۔ اِفسیوں ۴: ۱۴۔
۶۔ بچّے کو راستبازی کا تجربہ نہیں ہوتا۔ عبرانیوں ۵: ۱۳
۷۔ بچّہ کمزور ہوتا ہے۔ عبرانیوں ۵: ۱۳

۳۶۔ سات رُوحانی یادگاریں

(نوٹ:۔ یہ باتیں یاد دلانا رُوحُ القُدس کا کام ہے اِس لئے رُوحُ القُدس کے تابع رہنا چاہیئے۔ (یُوحنّا ۱۴: ۲۶)

۱۔ قدیم ایّام کی یاد۔ اِستثنا ۳۲: ۷۔
۲۔ خُداوند کے قدیم عجائب کی یاد۔ زبُور ۷۷: ۱۱۔
۳۔ خُداوند کی یاد۔ یُوناہ ۲: ۷۔
۴۔ خُداوند یسُوعؔ کی باتوں کی یاد۔ اعمال ۲۰: ۳۵۔
۵۔ خُداوند یسُوعؔ کی مَوت کی یاد۔ ۱۔کرنتھیوں ۱۱: ۲۵ و ۲۶۔

۶۔ خُداوند اور مُنجی یسُوعؔ کے حُکم کی یاد۔ ۲۔پطرس ۳: ۲۔
۷۔ اپنے بستر پر خُداوند کی یاد۔ زبُور ۶۳: ۵ و ۶۔

۳۷۔ سات طریقوں سے خُدا ہمارے ساتھ برتاؤ کرتا ہے۔

۱۔ وُہ ہمیشہ ہمارے ساتھ رہتا ہے۔ متّی ۲۸: ۲۰۔
۲۔ وُہ ہمیشہ ہمیں اطمینان دیتا ہے۔ یُوحنّا ۱۴: ۲۷ و ۲۰: ۱۹ و ۲۱۔
۳۔ وُہ ہمیشہ ہمیں پاک کرتا ہے۔ ۱۔یُوحنّا ۱: ۷۔
۴۔ وُہ ہمیشہ ہمارے ساتھ کام کرتا ہے۔ یُوحنّا ۵: ۱۷ و ۱۔کرنتھیوں ۳: ۹۔
۵۔ وُہ ہمیشہ ہمیں طاقت دیتا ہے۔ فلپّیوں ۴: ۱۳ و ۲۔کرنتھیوں ۱۲: ۹
۶۔ وُہ ہمیشہ ہم پُر شفقت کرتا ہے۔ زبُور ۱۸: ۵۰۔
۷۔ وُہ ہمیشہ ہمیں پیار کرتا اور ہمارے گُناہ دھوتا ہے۔ مکاشفہ ۱: ۵

۳۸۔ کلیسیا کے سات نام

۱۔ کلیسیا مسیح کا بدن ہے۔ اِفسیوں ۱: ۲۳۔
۲۔ کلیسیا خُدا کا گھرانہ ہے۔ اِفسیوں ۲: ۱۹۔

۳۔ کلیسیا خدا کا مسکن ہے۔ افسیوں ۲: ۲۲۔
۴۔ کلیسیا شاہی کاہنوں کا فرقہ ہے۔ ۱-پطرس ۲: ۹۔
۵۔ کلیسیا خدا کا خاندان ہے۔ افسیوں ۳: ۱۵۔
۶۔ کلیسیا نئے انسانوں کی جماعت ہے۔ افسیوں ۲: ۱۵ ؛ ۴: ۱۳ و ۲۴
۷۔ کلیسیا مسیح کی دلہن ہے۔ افسیوں ۵: ۲۵ و ۳۲۔

۳۹۔ عشائے ربانی کے بارے میں سات باتیں۔

۱۔ مسیح کی موت کی یادگاری ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۱: ۲۴۔
۲۔ فرمانبرداری سکھاتی ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۱: ۲۴۔
۳۔ انسان کو اپنے آپ کو آزمانے کا موقع ملتا ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۱: ۲۸۔
۴۔ شراکت سکھاتی ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۰: ۱۶۔
۵۔ شکرگزاری ادا کرنا سکھاتی ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۱: ۲۴۔
۶۔ مسیح کی موت کا اظہار ہوتا ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۱: ۲۶۔
۷۔ عشائے ربانی اُمید اور توقع کی علمبردار ہے۔ ۱-کرنتھیوں ۱۱: ۲۶۔

۴۰۔ سات طریقوں سے خدا کی مرضی پوری کرنا

۱۔ انسان کے ہر ایک انتظام کے تابع رہنا۔ ۱-پطرس ۲: ۱۳ و ۱۴۔
۲۔ نیکی کر کے نادان آدمیوں کی جہالت کی باتوں کو بند کرنا۔ ۱-پطرس ۲: ۱۵۔
۳۔ نیکی کر کے دُکھ اُٹھانا اور صبر کرنا۔ ۱-پطرس ۲: ۲۰۔
۴۔ نیک کام کرتے میں کسی سے نہ ڈرنا۔ ۱-پطرس ۳: ۶۔
۵۔ اپنی صلیب اُٹھا کر مسیح کے پیچھے چلنا۔ لوقا ۱۴: ۲۵-۲۷۔
۶۔ اپنی جانوں کو وفادار خالق کے سپرد کرنا۔ ۱-پطرس ۴: ۱۹۔
۷۔ خدا کے کلام کو دل میں جگہ دینا۔ زبور ۱۱۹: ۱۱۔

۴۱۔ سات قسم کے چال چلن

۱۔ پاکیزہ چال چلن۔ ۱-پطرس ۱: ۱۵ ؛ ۲-پطرس ۳: ۱۱۔
۲۔ مسافرانہ چال چلن۔ ۱-پطرس ۱: ۱۷۔
۳۔ نکما چال چلن۔ ۱-پطرس ۱: ۱۸۔
۴۔ نیک چال چلن۔ ۱-پطرس ۲: ۱۲ ؛ یعقوب ۳: ۱۳۔
۵۔ خداوند کے لائق چال چلن۔ کلسیوں ۱: ۱۰۔
۶۔ درست چال چلن۔ زبور ۵۰: ۲۳۔
۷۔ بیدینوں کا چال چلن۔ ۲-پطرس ۲: ۷۔

۴۲۔ سات گواہیاں۔

۱۔ نُور کی گواہی۔ — یُوحنا ۱: ۸۔
۲۔ اپنی نجات کی گواہی۔ — زبُور ۱۰۷: ۱-۳۔
۳۔ اپنے چال چلن کی گواہی۔ — ۲-کرنتھیوں ۱: ۱۲۔
۴۔ خُداوند کے فضل کی گواہی۔ — اعمال ۲۰: ۲۴۔
۵۔ خُداوند کے کاموں کی گواہی۔ — ۱-تواریخ ۱۶: ۸، ۹۔
۶۔ حق کی گواہی۔ — زبُور ۶۰: ۴۔
۷۔ مسیح کے جی اُٹھنے کی گواہی۔ — اعمال ۴: ۳۳۔

۴۳۔ سات چراغ۔

۱۔ ضمیر کا چراغ۔ — امثال ۲۰: ۲۷۔
۲۔ نجات کا چراغ۔ — یسعیاہ ۶۲: ۱۔
۳۔ بدن کا چراغ۔ — لُوقا ۱۱: ۳۴۔
۴۔ خوشحالی کا چراغ۔ — ایُوب ۲۹: ۲-۴
۵۔ فرمان کا چراغ۔ — امثال ۶: ۲۳۔
۶۔ خُدا کے کلام کا چراغ۔ — زبُور ۱۱۹: ۱۰۵۔
۷۔ صادقوں کا چراغ۔ — امثال ۱۳: ۹۔

۴۴۔ پولُس کے سات دعوے

۱۔ غیر قوم کی خاطر مسیح کا قیدی۔ — اِفسیوں ۳: ۱۔
۲۔ فضل کی بخشش سے خوشخبری کا خادم۔ — اِفسیوں ۳: ۷۔
۳۔ سب مُقدّسوں میں سے چھوٹا۔ — اِفسیوں ۳: ۸۔
۴۔ زنجیر سے جکڑا ہُوا ایلچی۔ — اِفسیوں ۶: ۲۰۔
۵۔ سب سے بڑا گنہگار۔ — ۱-تیمتھیُس ۱: ۱۵۔
۶۔ مسیح کے ساتھ مصلوب۔ — گلتیوں ۲: ۲۰۔
۷۔ خوشخبری کے بھید کو دلیری سے بیان کرنے والا۔ — اِفسیوں ۶: ۱۹۔

۴۵۔ خُدا سات طریقوں سے محبّت ظاہر کرتا ہے۔

۱۔ خُدا باپ کی طرح ہم پر ترس کھاتا ہے۔ — زبُور ۱۰۳: ۱۳۔
۲۔ ماں کی طرح ہمیں یاد رکھتا ہے۔ — یسعیاہ ۴۹: ۱۵۔
۳۔ جیسے مُرغی اپنے بچّوں کو سنبھالتی ہے ویسے خُداوند ہمیں سنبھالتا ہے۔ — متّی ۲۳: ۲۷۔
۴۔ چرواہے کی طرح ہماری تلاش کرتا ہے۔ — حزقی ایل ۳۴: ۱۲۔

---

۵ - خُداوند عقاب کی مانند ہماری رہبری اور حِفاظت کرتا ہے۔ استثنا ۳۲: ۱۱ و ۱۲۔

۶ - وہ دُلہا کی طرح ہم میں راحت پاتا ہے۔ یسعیاہ ۶۲: ۵۔

۷ - وہ ہمیں ماں کی طرح دلاسا دیتا ہے یسعیاہ ۶۶: ۱۳۔

۴۶ - خُداوند کے کلام پر دھیان دینے کے سات طریقے۔

۱ - خُداوند کے کلام کا طالب ہونا اور اُس پر عمل کرنا۔ عزرا ۷: ۱۰۔

۲ - اپنے دِل کو خُداوند کے لئے کھول دینا۔ زبُور ۱۳۹: ۲۳۔

۳ - کُشادہ دِلی سے خُداوند کے کلام پر دھیان دینا۔ یسعیاہ ۵۵: ۸۔

۴ - دُعا کے ساتھ کلام مُقدّس پر دھیان دینا۔ زبُور ۱۱۹: ۱۸۔

۵ - حلیمی سے خُدا کے کلام پر دھیان دینا۔ زبُور ۲۵: ۸ و ۹۔

۶ - دِل کی صفائی کے ساتھ خُدا کے کلام کو پڑھنا سُنانا۔ ۲ - کرنتھیوں ۲: ۱۷۔

۷ - اُمید اور ایمان کے ساتھ خُداوند کے کلام کو پڑھنا۔ یسعیاہ ۵۵: ۱۱۔

---

۴۷ - گِرنے کی سات وجُوہات

۱ - گُناہ کے ساتھ کھیلنا۔ ۲ - کرنتھیوں ۶: ۱۷۔

۲ - اپنی طاقت پر بھروسہ کرنا۔ ۲ - کرنتھیوں ۱۲: ۹ و ۱۰۔

۳ - اپنے آپ کو آزمائش میں ڈالنا۔ ۱ - تھسلنیکیوں ۵: ۲۲۔

۴ - بلا ناغہ دُعا نہ کرنا۔ ۱ - تھسلنیکیوں ۵: ۱۷۔

۵ - خُدا کے کلام کا مُشتاق نہ رہنا۔ ۱ - پطرس ۲: ۲۔

۶ - خُدا کے ساتھ ساتھ نہ چلنا۔ یُوحنّا ۱۲: ۳۵ و ۴۶۔

۷ - خُداوند پر توکّل نہ کرنا بلکہ اپنے فہم پر تکیہ کرنا۔ امثال ۳: ۵ و ناحُوم ۱: ۷۔

۴۸ - مسیح کے خُون کے مُتعلّق سات باتیں

۱ - مسیح نے اپنے خُون سے ہمیں مول لیا۔ اعمال ۲۰: ۲۸۔

۲ - مسیح کے خُون کے وسیلے سے ہمارا خُدا کے ساتھ میل ملاپ ہو گیا۔ کُلسیوں ۱: ۲۰۔

۳ - مسیح کے خُون نے مُردہ کاموں سے ضمیر کو پاک کیا۔ عبرانیوں ۹: ۱۴۔

۴ - مسیح کا خُون ہماری حِفاظت کرتا ہے۔ عبرانیوں ۱۱: ۲۸

۵ - مسیح کا خُون ہمیں پاک کرتا ہے۔ ۱ - یُوحنّا ۱: ۷۔

۶- مسیح نے اپنے خون سے ہمارا کفارہ دیا۔ ۱-یوحنا ۲ : ۲-
۷- مسیح کا خون ناپاکی اور گناہ کو دھوتا ہے۔ زکریاہ ۱۳ : ۱-

۴۹- مسیح کی سات الٰہی صفات

۱- مسیح خالق ہے۔ عبرانیوں ۱ : ۱۰ ؛ یوحنا ۱ : ۳-
۲- مسیح تمام چیزوں کو سنبھالنے والا ہے۔ عبرانیوں ۱ : ۳-
۳- مسیح دنیا کا منجی ہے۔ مرقس ۲ : ۵-۱۰ ؛ لوقا ۷ : ۴۸-
۴- مسیح مردوں کو زندہ کرنے والا ہے۔ لوقا ۷ : ۱۱-۱۷-
۵- مسیح ہمیں اپنے جلال کے بدن کی صورت بنانے والا ہے۔ فلپیوں ۳ : ۲۱-
۶- مسیح مردوں اور زندوں کی عدالت کا اختیار رکھنے والا ہے۔ ۲-تیمتھیس ۴ : ۱-
۷- مسیح ہمیشہ کی زندگی دینے والا ہے۔ یوحنا ۱۰ : ۲۸ ؛ ۱۷ : ۲-

۵۰- گنہگار کی زندگی میں خدا کے سات کام

۱- ہولناک گڑھے سے نکالا۔ زبور ۴۰ : ۲ (انسان کی فطرتی حالت)
۲- دلدل کی کیچڑ سے نکالا۔ زبور ۴۰ : ۲ (فضل سے نجات)

۳- چٹان پر کھڑا کیا۔ زبور ۴۰ : ۲ (مسیح پر بھروسہ اور پختہ اعتقاد)۔
۴- روش قائم کی۔ زبور ۴۰ : ۲ (مسیح کے لئے قائم)۔
۵- نیا گیت منہ میں ڈالا۔ زبور ۴۰ : ۳ (خدا کی ستایش)۔
۶- بہتیرے دیکھیں اور ڈریں گے۔ زبور ۴۰ : ۳ (مقدسوں کی گواہی)۔
۷- خداوند پر توکل کریں گے۔ زبور ۴۰ : ۳ (گنہگاروں کا خدا کیلئے جیتنا)۔

۵۱- سات طرح کا اقرار

۱- میں ناچیز ہوں۔ ایوب ۴۰ : ۴-
۲- میں برباد ہوا میرے ہونٹ ناپاک ہیں۔ یسعیاہ ۶ : ۵-
۳- میں گنہگار آدمی ہوں۔ لوقا ۵ : ۸-
۴- میں تیرا جلال دیکھنے کے لائق نہیں۔ متی ۸ : ۸-
۵- میں مسکین اور محتاج ہوں۔ زبور ۴۰ : ۱۷-
۶- میں تیرا ہی ہوں مجھے بچا لے۔ زبور ۱۱۹ : ۹۴-
۷- میں سیاہ فام ہوں لیکن خوبصورت۔ غزل الغزلات ۱ : ۵-

۵۲- سات وعدے

۱- میں تم کو مصریوں کے بوجھ کے نیچے سے نکالونگا۔ خروج ۶ : ۶-

۲- مَیں تمہیں غلامی سے آزاد کروں گا۔ خرُوج ۶ : ۶۔

۳- مَیں تم کو رہائی دُوں گا۔ خرُوج ۶ : ۶۔

۴- مَیں تمہیں اپنی قوم بناؤں گا۔ خرُوج ۶ : ۷۔

۵- مَیں تمہارا خُدا ہُوں گا۔ خرُوج ۶ : ۷۔

۶- مَیں تمہیں مُلکِ موعُود میں پہنچاؤں گا۔ خرُوج ۶ : ۷۔

۷- مَیں اُسے تمہاری میراث میں کر دُوں گا۔ خرُوج ۶ : ۷۔

۵۳- یسُوعؔ کے قدموں میں سات چیزیں

۱- اُس کے قدموں میں مُعافی حاصِل کرنا۔ لُوقا ۷ : ۳۸ و ۴۸۔

۲- اُس کے قدموں میں شفا حاصِل کرنا۔ لُوقا ۱۷ : ۱۶۔

۳- اُس کے قدموں میں آرام حاصِل کرنا۔ لُوقا ۸ : ۳۵۔

۴- اُس کے قدموں میں علم حاصِل کرنا۔ لُوقا ۱۰ : ۳۹۔

۵- شفاعت کے لئے اُس کے قدموں میں آنا۔ مرقس ۷ : ۲۵۔

۶- پرستش کے لئے اُس کے قدموں میں آنا۔ متّی ۲۸ : ۹۔

۷- اُس کے قدموں میں تسلّی حاصِل کرنا یُوحنّا ۱۱ : ۳۲۔

۵۴- کلامِ مُقدّس سے مُتعلّق سات باتیں

۱- خُدا کے کلام پر دھیان دینا۔ زبُور ۱۱۹ : ۷۸۔

۲- خُدا کے کلام میں مسرُور رہنا۔ زبُور ۱۱۹ : ۴۷۔

۳- ہر روز کلامِ مُقدّس کی تحقیق کرنا۔ اعمال ۱۷ : ۱۱ و زبُور ۱ : ۲۔

۴- کلامِ مُقدّس کو دِل میں رکھنا۔ کُلسّیوں ۳ : ۱۶ و ۱۷۔

۵- کلامِ مُقدّس کو حلیمی سے قبُول کرنا۔ یعقُوب ۱ : ۲۲۔

۶- کلامِ مُقدّس کا اجتماعی مُطالعہ کرنا۔ متّی ۱۸ : ۲۰ و لُوقا ۲۴ : ۳۳-۳۶۔

۷- خاندان سمیت مُطالعہ کرنا اور سکھانا۔ استثنا ۴ : ۹ و ۶ : ۷ و ۱-تھسلنیکیوں ۲ : ۱۱۔

۵۵- مسیح کے مُتعلّق سات باتیں

۱- مسیح، ہر ایک آدمی کیلئے مَوت کا مزہ چکھنے والا۔ عبرانیوں ۲ : ۹۔

۲- مسیح، بہُت سے بیٹوں کو جلال میں داخِل کرنیوالا۔ عبرانیوں ۲ : ۱۰۔

۳- مسیح، پاک کرنے والا۔ عبرانیوں ۲ : ۱۱۔

۴- مسیح، شیطان کو تباہ کرنے والا۔ عبرانیوں ۲ : ۱۴۔

۵- مسیح، ہماری شفاعت کرنے والا عبرانیوں ۷ : ۲۵۔

۶- مسیح، ہماری مدد کرنے والا۔ عبرانیوں ۲ : ۱۸۔

۷- مسیح، رحمدِل اور وفادار سردار کاہن۔ عبرانیوں ۲ : ۱۷۔

۵۶ - برّہ کے متعلق سات باتیں

۱- خُدا کا مہیا کیا ہوا برّہ - پیدائش ۲۲ باب
۲- بے عیب برّہ - خروج ۱۲ باب
۳- سوختنی قربانی کا برّہ احبار ۱۶ : ۱۳-
۴- رضامندی سے ذبح ہونے والا برّہ - یسعیاہ ۵۳ : ۷-
۵- خُدا کا برّہ یُوحنّا ۱ : ۲۹-
۶- ذبح کیا ہوا برّہ - مُکاشفہ ۵ : ۶-
۷- سجدے کے قابل برّہ مکاشفہ ۵ : ۸-

۵۷ - سات ضروری چیزیں -

۱- اپنی فکر چھوڑ کر مسیح کی فکر کرنا - فلپیّوں ۲ : ۲۱ و زبور ۵ : ۱-۴-
۲- اپنے آپ کو پیار نہ کرنا بلکہ مسیح کو پیار کرنا - یُوحنّا ۱۲ : ۲۵ و ۲- کرنتھیوں ۵ : ۱۴
۳- اپنی بڑائی چھوڑ کر مسیح کے جلال کی بڑائی چاہنا - امثال ۲۵ : ۶ و ۱- کرنتھیوں ۱۰ : ۳۱-
۴- اپنی مرضی نہیں بلکہ مسیح کی مرضی چاہنا - خروج ۵ : ۹ و اعمال ۹ : ۶-

۵- مسیح کے زور پر بھروسہ کرنا - اعمال ۹ : ۱ و کلسیوں ۱ : ۲۹
۶- مسیح کی طرف سے بھیجا جانا نہ کہ اپنی طرف سے - یرمیاہ ۲۳ : ۲۲ و اعمال ۸ : ۲۹ و ۳۰-
۷- مسیح کے لیئے زندہ رہنا - ۲- کرنتھیوں ۵ : ۱۵ و گلتیوں ۲ : ۲۰-

۵۸ - آدم کے گُناہ کی بدولت سات چیزیں دُنیا میں داخل ہُوئیں

۱- دردِ زہ - پیدائش ۳ : ۱۶-
۲- بیوی شوہر کے تابع رہے گی - پیدائش ۳ : ۱۶-
۳- لعنت آ گئی - پیدائش ۳ : ۱۷-
۴- دُکھ آ گیا - پیدائش ۳ : ۱۷-
۵- کانٹے - پیدائش ۳ : ۱۸-
۶- محنت - پیدائش ۳ : ۱۹-
۷- موت - رُومیوں ۵ : ۱۲-

۵۹- آدم کے گُناہ کی وجہ سے مسیح کو سات چیزیں پُوری کرنی پڑیں

۱- مسیح عورت سے پیدا ہُوا۔ گلتیوں ۴:۴-
۲- شریعت کے ماتحت پیدا ہُوا۔ گلتیوں ۳:۱۰ و ۴:۴-
۳- مسیح نے ہماری لعنت کو اُٹھایا۔ گلتیوں ۳:۱۳-
۴- مسیح نے ہماری خاطر دُکھ اُٹھایا۔ یسعیاہ ۵۳:۳ و ۱۱-
۵- مسیح نے کانٹوں کا تاج پہنا۔ متی ۲۷:۲۹-
۶- مسیح کا پسینہ خُون کی بُوندیں بن کر گرا۔ لُوقا ۲۲:۴۴-
۷- مسیح نے مَوت کا مزہ چکھا۔ عبرانیوں ۲:۹-

۶۰- سات عیدیں اور اُن کا مطلب

۱- سبت کی عید ——— آرام کو بیان کرتی ہے احبار ۲۶:۳۴ و ۳۵ و ۲۴:۳۱-
۲- عیدِ فسح - ——— مسیح کی موت کو بیان کرتی ہے۔ گنتی ۹:۴-
۳- پہلے پھلوں کی عید ——— مسیح کے دوبارہ جی

اُٹھنے کو ظاہر کرتی ہے۔ احبار ۱:۱۴-
۴- پنتکست کی عید روح القدس کے نزول کو بیان کرتی ہے۔ اعمال ۲:۱-
۵- نرسنگے کی عید گواہی کو بیان کرتی ہے۔ احبار ۲۳:۲۴-
۶- کفارہ کی عید گناہوں سے باز رہنے کو بیان کرتی ہے۔ احبار ۲۳:۲۶-
۷- خیمۂ اجتماع کی عید مسیح کی زمین پر حکومت کو ظاہر کرتی ہے۔ احبار ۲۴:۳-

۶۱- بوعز کی سات صفات

(نوٹ :- یہ ساتوں باتیں رُوت کی کتاب سے ظاہر ہیں اور مسیح خُداوند میں پائی جاتی ہیں)۔

۱- محبت کرنے والا۔ رُوت ۲:۱۰-
۲- نزدیکی رشتے دار۔ رُوت ۲:۱ و رُوت ۴:۶-
۳- حاجتوں کو پُورا کرنے والا۔ رُوت ۲:۹-
۴- میراث کو چھڑانے والا۔ رُوت ۴:۶ و ۴:۱۰-
۵- آرام پہنچانے والا۔ رُوت ۴:۱۵-
۶- دولت مند رشتہ دار۔ رُوت ۲:۱

۷- دُلہا۔ رُوت ۴ : ۱۲-

۶۲- سات دفعہ "خُداوند کی آواز"

۱- خُداوند کی آواز بادلوں پر ہے۔ زبُور ۲۹ : ۳-
۲- خُداوند کی آواز میں قدرت ہے۔ زبُور ۲۹ : ۴-
۳- خُداوند کی آواز میں جلال ہے۔ زبُور ۲۹ : ۴-
۴- خُداوند کی آواز دیواروں کو توڑ دیتی ہے۔ زبُور ۲۹ : ۵-
۵- خُداوند کی آواز آگ کے شعلوں کو چیرتی ہے۔ زبُور ۲۹ : ۷-
۶- خُداوند کی آواز بیابان کو ہلا دیتی ہے۔ زبُور ۲۹ : ۸-
۷- خُداوند کی آواز سے ہرنیوں کے حمل گر جاتے ہیں۔ زبُور ۲۹ : ۹-

۶۳- شریر کے متعلّق سات باتیں

۱- خُداوند کا خوف شریروں کے پیشِ نظر نہیں۔ زبُور ۳۶ : ۱-
۲- شریر اپنے آپ کو جھوٹی تسلّی دیتا ہے۔ زبُور ۳۶ : ۲-
۳- شریر کے مُنہ میں بدی اور فریب کی باتیں ہیں۔ زبُور ۳۶ : ۳-
۴- شریر دانش اور نیکی سے دست بردار ہو گیا ہے۔ زبُور ۳۶ : ۳-
۵- شریر اپنے بستر پر بدی کے منصوبے باندھتا ہے۔ زبُور ۳۶ : ۴-

۶- شریر ایسی راہ اختیار کرتا ہے جو اچھی نہیں۔ زبُور ۳۶ : ۴-
۷- شریر بدی سے نفرت نہیں کرتا۔ زبُور ۳۶ : ۴-

۶۴- ایماندار کے ساتھ خُدا کے سات وعدے۔

۱- مَیں اُسے چھڑاؤں گا۔ زبُور ۹۱ : ۱۴-
۲- مَیں اُسے سرفراز کروں گا۔ زبُور ۹۱ : ۱۴-
۳- مَیں اُسے جواب دُوں گا۔ زبُور ۹۱ : ۱۵-
۴- مَیں مُصیبت میں اُس کے ساتھ رہوں گا۔ زبُور ۹۱ : ۱۵-
۵- مَیں اُسے عزّت بخشُوں گا۔ زبُور ۹۱ : ۱۵-
۶- مَیں اُسے عُمر کی درازی دُوں گا۔ زبُور ۹۱ : ۱۵-
۷- مَیں اُسے اپنی نجات دکھاؤں گا۔ زبُور ۹۱ : ۱۶-

۶۵- سات قسم کے آدمیوں پر افسوس

۱- اُن پر جو کھیت سے کھیت اور گھر سے گھر ملا دیتے ہیں افسوس۔ یسعیاہ ۵ : ۸-

۲- نشہ بازوں پر افسوس۔ یسعیاہ ۵ : ۱۱-

۳- گُناہ اور بدکرداری سے محبّت رکھنے والوں پر افسوس۔ یسعیاہ ۵ : ۱۸-

۴- نیکی کو بدی اور بدی کو نیکی کہنے والوں پر افسوس۔ یسعیاہ ۵ : ۲۰-

۵- خود فریب لوگوں پر افسوس۔ یسعیاہ ۵ : ۲۱-

۶- رشوت خوروں پر افسوس۔ یسعیاہ ۵ : ۲۲،۲۳-

۷- باغی لوگوں پر افسوس۔ یسعیاہ ۳۰ : ۱-

۶۶- حقیقی خادم کے متعلّق سات باتیں

۱- خادم کا خوف ــــ ملاکی ۲ : ۵ ــــ (وہ ڈرتا ہے)۔

۲- خادم کا پیغام ــــ ملاکی ۲ : ۶ ــــ (سچائی کی شریعت اُس کے مُنہ میں ہو)۔

۳- خادم کا مقصد ــــ ملاکی ۲ : ۶ ــــ (بہتوں کو بدی کی راہ سے واپس لائے)۔

۴- خادم کی عبادت ــــ ملاکی ۲ : ۶ ــــ (اُس کے لبوں پر ناراستی نہ پائی جائے)۔

۵- خادم کا کام ــــ ملاکی ۲ : ۶ ــــ (سلامتی اور راستی سے چلتا رہے)۔

۶- خادم کا فرض ــــ ملاکی ۲ : ۷ ــــ (کاہن کے لب معرفت کو محفوظ رکھیں)۔

۷- خادم کی شراکت ــــ ملاکی ۲ : ۷ ــــ (ربّ الافواج کے ساتھ)۔

۶۷- ملاکی کی کتاب میں سات مرتبہ "خُداوند کا نام"۔

۱- اَے خُداوند کے نام کی تحقیر کرنے والے کاہنو۔ ملاکی ۱ : ۶-

۲- قوموں میں خُداوند کے نام کی تمجید ہوگی۔ ملاکی ۱ : ۱۱-

۳- ہر جگہ خُداوند کے نام پر بخور جلائیں گے۔ ملاکی ۱ : ۱۱-

۴- قوموں میں خُداوند کا نام مہیب ہے۔ ملاکی ۱ : ۱۴-

۵- لاوی خُداوند کے نام سے ڈرتا رہے۔ ملاکی ۲ : ۵-

۶- خُداوند کے نام کو یاد کرنے والوں کا صلہ۔ ملاکی ۳ : ۱۶-

۷- تم جو خُداوند کے نام کی تمجید کرتے ہو۔ ملاکی ۴ : ۲-

۶۸- سات مرتبہ مسیح نے دُعا کی۔

۱- دن نکلنے سے پہلے یسُوعؔ نے دُعا کی۔ مرقس ۱ : ۳۵

۲ - شام کے وقت یسوعؔ نے دُعا کی ۔ متی ۱۴ : ۲۳ -
۳ - تمام رات یسوعؔ نے دُعا کی ۔ لُوقا ۶ : ۱۲ -
۴ - اُس نے صلیب پر چڑھنے سے پہلے دُعا کی ۔ متی ۲۶ : ۳۹ -
۵ - اُس نے بپتسمہ پاکر دُعا کی ۔ لُوقا ۳ : ۲۱
۶ - اُس نے کھانا کھانے سے پہلے دُعا کی ۔ لُوقا ۲۲ : ۱۹ -
۷ - اُس نے صلیب پر دُعا کی ۔ لُوقا ۲۳ : ۳۴ -

۶۹ - شیطان کے سات ایلچی -

۱ - لالچ شیطان کا ایک ایلچی ہے ۔ لُوقا ۲۲ : ۱-۵ -
۲ - حسد شیطان کا ایک ایلچی ہے ۔ لُوقا ۲۲ : ۲۴ -
۳ - تکرار شیطان کا ایک ایلچی ہے ۔ لُوقا ۲۲ : ۲۴ -
۴ - خُودی شیطان کی ایلچی ہے ۔ لُوقا ۲۲ : ۳۳ -
۵ - آزمایش شیطان کی ایلچی ہے ۔ لُوقا ۲۲ : ۴۰ -
۶ - نیند یا سُستی شیطان کی ایلچی ہے ۔ لُوقا ۲۲ : ۴۶ -
۷ - جھُوٹ شیطان کا ایلچی ہے ۔ لُوقا ۲۲ : ۵۷

۷۰ - لوگوں کے سات فریق -

۱ - یسوعؔ کے پیچھے ہو لینے والے لوگ ۔ یُوحنّا ۶ : ۲ -

۲ - یسوعؔ کی تعریف کرنے والے لوگ ۔ یُوحنّا ۶ : ۱۴ -
۳ - لالچ کے لئے یسوعؔ کے پیچھے چلنے والے لوگ ۔ یُوحنّا ۶ : ۲۶ -
۴ - یسوعؔ پر ایمان نہ لانے والے لوگ ۔ یُوحنّا ۶ : ۳۶ -
۵ - یسوعؔ پر بُڑبُڑانے والے لوگ ۔ یُوحنّا ۶ : ۴۱ -
۶ - جھگڑنے والے لوگ ۔ یُوحنّا ۶ : ۵۲ -
۷ - اُلٹے پھر جانے والے لوگ ۔ یُوحنّا ۶ : ۶۶ -

۷۱ - سات نعمتیں جو کہ محبّت کا ثبُوت نہیں ہوتیں -

۱ - آدمیوں اَور فرشتوں کی زبانیں ۔ ۱-کرنتھیوں ۱۳ : ۱ -
۲ - نبوت ۱-کرنتھیوں ۱۳ : ۲ -
۳ - عِلمُ الغَیب ۱-کرنتھیوں ۱۳ : ۲ -
۴ - عِلم ۱-کرنتھیوں ۱۳ : ۲ -
۵ - کامِل ایمان ۱-کرنتھیوں ۱۳ : ۲ -
۶ - سخاوت ۔ ۱-کرنتھیوں ۱۳ : ۳ -
۷ - ایثار و قُربانی ۔ ۱-کرنتھیوں ۱۳ : ۳ -

حقیقی محبّت ہی محبّت کا ثبُوت ہے ۔

۷۲- سات طرح سے چلنا۔

۱- دُنیا کی رَوِش پر چلنا۔ — افسیوں ۲:۲-

۲- اَچھّے کاموں میں چلنا۔ — اِفسیوں ۲:۲-

۳- بُلاوے کے لائق چلنا۔ — اِفسیوں ۴:۱-

۴- غیر قوموں کی طرح نہ چلنا۔ — اِفسیوں ۴:۱۷-

۵- مُحبّت میں چلنا۔ — اِفسیوں ۵:۲-

۶- نُور کے فرزندوں کی طرح چلنا۔ — اِفسیوں ۵:۸-

۷- داناؤں کی مانند چلنا۔ — اِفسیوں ۵:۱۵-

۷۳- ہمارے سات بڑے رِشتے مسیح کے ساتھ

۱- وُہ ہمارا بڑا سردار کاہن ہے۔ — عبرانیوں ۴:۱۴-

۲- وُہ ہمارا شفاعتی ہے۔ — عبرانیوں ۷:۲۵-

۳- وُہ ہماری جان کا لنگر ہے۔ — عبرانیوں ۶:۱۹-

۴- وُہ ہماری بہتر اُمید ہے۔ — عبرانیوں ۷:۱۹-

۵- وُہ ہمارا نئے عہد کا درمیانی ہے۔ — عبرانیوں ۲:۲۴-

۶- وُہ ہماری بہتر اور دائمی ملکیت ہے۔ — عبرانیوں ۱۰:۳۴-

۷- وُہ ہماری اعلیٰ قُربان گاہ ہے۔ — عبرانیوں ۱۳:۱۰-

۷۴- مسیح سات طرح سے بادشاہ ہے۔

۱- خُدا نے اُسے بادشاہ کہا۔ — زبور ۲:۶-

۲- پیلاطُس نے اُسے بادشاہ کہا۔ — یُوحنّا ۱۹:۱۹-

۳- مسیح اب تخت پر ہے اِس لئے وُہ بادشاہ ہے — مکاشفہ ۳:۲۱-

۴- مسیح بادشاہ کی طرح ظاہر ہُوا۔ — مُکاشفہ ۱۹:۱۶-

۵- وُہ قوموں کا ازلی بادشاہ ہے۔ — مکاشفہ ۱۵:۳-

۶- وُہ تمام دُنیا کا بادشاہ ہے۔ — زکریاہ ۱۴:۹-

۷- وُہ راستی کا بادشاہ ہے۔ — زبور ۴۵:۶-

۷۵- خُدا کا کلام سات بڑے کام کرتا ہے

۱- خُدا کے کلام کے وسیلے سے ہم نئے سرے سے پیدا ہوتے ہیں۔ — ۱-پطرس ۱:۲۳-

۲- خُدا کے کلام کے وسیلے سے ہم بڑھتے ہیں۔ — ۱-پطرس ۲:۲-

۳- خُدا کے کلام کے وسیلے سے ہم پاک کئے جاتے ہیں۔ — یُوحنّا ۱۵:۳-

۴- خدا کے کلام کے وسیلے سے ہم مقدس ہوتے ہیں۔ یوحنا ۱۷: ۱۷-

۵- خدا کے کلام کے وسیلے سے ہم روشنی حاصل کرتے ہیں۔ زبور ۱۱۹: ۱۰۵-

۶- خدا کے کلام کے وسیلے سے ہم فتح حاصل کرتے ہیں۔ افسیوں ۶: ۱۷-

۷- خدا کے کلام کے وسیلے سے ہم مجرم ٹھہرائے جاتے ہیں۔ یوحنا ۱۲: ۴۸-

۷۶- سات باتوں میں جانفشانی

۱- دعا میں جانفشانی کرنا۔ کلسیوں ۴: ۱۲-

۲- جانفشانی سے محنت کرنا۔ کلسیوں ۱: ۲۹-

۳- جانفشانی سے دوڑنا۔ ۱-کرنتھیوں ۹: ۲۵-

۴- جانفشانی سے ایمان کی کشتی لڑنا۔ ۱-تیمتھیس ۶: ۱۲-

۵- جانفشانی سے اُس کے حکموں کو ماننا۔ استثنا ۶: ۱۷-

۶- تنگ دروازے سے داخل ہونے کے لئے جانفشانی کرنا۔ لوقا ۱۳: ۲۴-

۷- خدا کی خوشخبری کو جانفشانی سے سنانا۔ ۱-تھسلنیکیوں ۲: ۲-

۷۷- صادق کی سات مثالیں

۱- پیاسی ہرنی کی مانند۔ زبور ۴۲: ۱-

۲- عقابوں کی مانند۔ یسعیاہ ۴۰: ۳۱-

۳- آفتاب صداقت کی مانند۔ ملاکی ۴: ۲-

۴- سانپوں کی مانند ہوشیار۔ متی ۱۰: ۱۶-

۵- کبوتروں کی مانند بے آزار۔ متی ۱۰: ۱۶-

۶- شیر ببر کی مانند دلیر۔ امثال ۲۸: ۱-

۷- کھجور کے درخت کی مانند سرسبز۔ زبور ۹۲: ۱۲-

۷۸- مسیحیوں کے سات رتبے

۱- مسیحی خدا کے فرزند ہیں۔ یوحنا ۱: ۲؛ رومیوں ۸: ۱۶-

۲- مسیحی آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ یوحنا ۲۰: ۱۷؛ عبرانیوں ۲: ۱۱-

۳- مسیحی مسیح کے ہم میراث ہیں۔ رومیوں ۸: ۱۷-

۴- مسیحی خدا کے وارث ہیں۔ رومیوں ۸: ۱۷-

۵- مسیحی شاہی کاہنوں کا فرقہ ہیں۔ ۱-پطرس ۲: ۵-

۶- مسیحی مقدس ہونے کے لئے بلائے ہوئے ہیں۔ ۱-کرنتھیوں ۱: ۲-

۷- مسیحی بادشاہ ہیں۔ مکاشفہ ۱: ۶-

٧٩-سات باتوں میں ہمّت نہ ہارنا

١- دُعا میں ہمّت نہ ہارنا۔ لُوقا ١٨: ١-

٢- خدمت میں ہمّت نہ ہارنا۔ ٢-کرنتھیوں ٤: ١-

٣- اُمید میں ہمّت نہ ہارنا۔ ٢-کرنتھیوں ٤: ١٦-

٤- نیک کام کرنے میں ہمّت نہ ہارنا۔ گلتیوں ٦: ٩-

٥- مُصیبتوں کے سبب سے ہمّت نہ ہارنا۔ اِفسیوں ٣: ١٣

٦- کام کرنے میں ہمّت نہ ہارنا۔ ٢-تھسلنیکیوں ٣: ١٣-

٧- ملامت اُٹھانے میں ہمّت نہ ہارنا۔ عبرانیوں ١٢: ٦-٧-

٨٠-سات پیالے

١- غضب کا پیالہ۔ زبُور ٧٥: ٨-

٢- نجات کا پیالہ۔ زبُور ١١٦: ١٣-

٣- برکت کا پیالہ۔ زبُور ٢٣: ٥-

٤- دُکھوں کا پیالہ۔ متی ٢٠: ٢٢-

٥- دلداری کا پیالہ۔ یرمیاہ ١٦: ٧-

٦- تازگی کا پیالہ متی ١٠: ٤٢-

٧- شراکت اور گواہی کا پیالہ۔ ١-کرنتھیوں ١١: ٢٥ و ٢٦-

٨١-سات طرح سے مسیح اور ایماندار کی یگانگت اور پیوستگی

١- مسیح اور ایماندار میں باپ اور بیٹے کی مانند یگانگت اور پیوستگی۔ یُوحنّا ١٧: ٢١-

٢- مسیح اور ایماندار میں آدم اور اُس کی نسل کی مانند یگانگت اور پیوستگی۔ ١-کرنتھیوں ١٥: ٢٢-

٣- مسیح اور ایماندار میں خُوراک اور بدن کی مانند یگانگت اور پیوستگی۔ یُوحنّا ٦: ٥٦ و ٥٧-

٤- مسیح اور ایماندار میں اینٹ اور عمارت کی مانند یگانگت اور پیوستگی۔ افسیوں ٢: ٢٠ و ٢١-

٥- مسیح اور ایماندار میں انگور کے درخت اور اُس کی ڈالیوں کی مانند یگانگت اور پیوستگی۔ یُوحنّا ١٥: ٥-

٦- مسیح اور ایماندار میں بدن اور سر کی مانند یگانگت اور پیوستگی۔ افسیوں ٤: ١٥ و ١٦-

٧- مسیح اور ایماندار میں دُلہے اور دُلہن کی مانند یگانگت اور پیوستگی۔ افسیوں ٥: ٣١ و ٣٢-

---

۸۲۔ سات تبدیلیاں۔

۱۔ نیّت کی تبدیلی توبہ کو ظاہر کرتی ہے۔

۲۔ دِل کی تبدیلی نئے مخلُوق کو ظاہر کرتی ہے۔

۳۔ زندگی کی تبدیلی نئے سرے سے پَیدا ہونے کی علامت ہے۔

